## پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی مبارکباد
## سنت ابراہیمؑ کی پیروی اس کی حقیقی روح کے مطابق کی جائے، الطاف حسین

لندن۔۔۔7، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سنتِ ابراہیم کی پیروی اس کی حقیقی روح کے مطابق کی جانی چاہیے اور ہمیں چاہیے کہ اس موقع پر غرباء، مساکین محتاجوں اور مستحقین کو ہرگز فراموش نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں اللہ کی راہ میں قربانی اور ایثار کا درس دیتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم عیدالاضحیٰ کے موقع پر دی جانے والی قربانی کے مقصد کی اصل روح کو سمجھیں اور غربت اور افلاس میں مبتلا لوگوں کی زیادہ سے زیادہ امداد کو اپنا شعار بنائیں اور انہیں عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے شہداء کے لواحقین، اسیر کارکنان، لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ سمیت ایم کیو ایم کے تمام ونگز و شعبہ جات کے علاوہ تمام کارکنان اور ملک بھر کے عوام کو ایک مرتبہ پھر عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک وقوم کو سازشوں، دہشت گردی، انتہاء پسندی سے محفوظ فرمائے اور ہم سب کو ملکر ملک وملت کیلئے نیک نیتی کے ساتھ کام کرنے کی توفیق عطا کرے۔

## عوام عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں۔ الطاف حسین
## خدمت خلق فاؤنڈیشن ہر قدرتی آفت، حادثات اور ہر موقع پر غریب و مستحق افراد کی بلاامتیاز خدمت کرتی ہے

لندن۔۔۔7، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ہر قدرتی آفت، حادثات اور ہر موقع پر غریب و مستحق افراد کی بلاامتیاز خدمت کرتی ہے، اکتوبر 2005ء میں آزاد کشمیر اور اس سال بلوچستان میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن نے بڑے پیمانے پر جو امدادی سرگرمیاں انجام دی ہیں وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن پاکستان کے علاوہ بیرون ملک بھی امدادی سرگرمیاں انجام دے چکی ہے جن میں انڈونیشیا اور دیگر ممالک میں آنے والے قیامت خیز سونامی اور ایران کے شہر بام میں آنے والے زلزلے کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں قابل ذکر ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے غریب و مستحق افراد کی امداد کا سلسلہ سال بھر جاری رہتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں تاکہ وہ غریب و مستحق افراد کی امداد مزید بہتر سے بہتر انداز میں کر سکے اور اپنی فلاحی سرگرمیوں کا دائرہ مزید وسیع کر سکے۔

## مسلم لیگ ن اور وہ دیگر اپوزیشن جماعتیں جو چیف جسٹس عبدالحمید ڈوگر کی بیٹی کے امتحانی نمبر بڑھنے کے معاملے کو
## ایشو بنا کر ملک میں محاذ آرائی اور عدلیہ اور پارلیمنٹ میں تصادم کی فضاء پیدا کررہی ہیں۔ وسیم آفتاب اور ڈاکٹر نصرت

کراچی۔۔۔8 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور ڈاکٹر نصرت نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن اور وہ دیگر اپوزیشن جماعتیں جو چیف جسٹس، جسٹس عبدالحمید ڈوگر کی بیٹی کے امتحانی نمبر بڑھنے کے معاملے کو ایشو بنارہی ہیں وہ اپنے سیاسی مفادات کی خاطر ملک میں محاذ آرائی اور عدلیہ اور پارلیمنٹ میں تصادم کی فضاء پیدا کررہی ہیں۔ اپنے ایک بیان میں اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک خطرات میں گھرا ہوا ہے، ملک پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، ایسے میں ملک کو اتحاد و یکجہتی کی اشد ضرورت ہے لیکن یہ بات افسوسناک ہے کہ مسلم لیگ ن اور اپوزیشن کی بعض جماعتیں چیف جسٹس عبدالحمید ڈوگر کی بیٹی کے امتحانی نمبروں میں اضافہ کو ایشو بنا کر ملک میں احتجاجی تحریک چلانے کی باتیں کررہی ہیں جو کسی بھی طرح ملک کے مفاد میں نہیں ہیں۔ اراکین رابطہ کمیٹی نے سوال کیا کہ مسلم لیگ ن کے رہنما ایک طرف تو چیف جسٹس عبدالحمید ڈوگر کی بیٹی کے امتحانی نمبروں میں اضافہ کو جواز بنا کر انہیں منصب سے ہٹانے کی باتیں کررہے ہیں مگر دوسری جانب سے وہ جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کا مطالبہ کررہے ہیں جنہوں نے خود اپنے بیٹے کی تقرری اور ترقی کیلئے اپنا اثر رسوخ استعمال کیا تھا۔ اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے رہنما چیف جسٹس عبدالحمید ڈوگر پر تو بہتان لگا رہے ہیں مگر لاہور کا بچہ بچہ یہ بات جانتا ہے کہ مسلم لیگ کے سربراہ میاں نواز شریف نے اپنا اثر رسوخ استعمال کرتے ہوئے اپنی صاحبزادی کو کالج میں داخلہ دلوانے کیلئے کالج کے پرنسپل کو تبدیل کروادیا تھا۔ اسی طرح ان کی اہلیہ نے بھی پی ایچ ڈی کیلئے کسی اور کا تیار کردہ تھیسس جمع کروایا۔ وسیم آفتاب اور ڈاکٹر نصرت نے کہا کہ مسلم لیگ ن اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں کو سمجھنا چاہیے کہ کیا یہ نازک وقت ان باتوں کو جواز بنا کر ملک میں احتجاج کرنے اور تحریک چلانے کا ہے یا سیاسی ونظریاتی اختلاف کو ایک طرف رکھ

کر اتحاد و یکجہتی کا عملی مظاہرہ کرنے کا ہے؟

## دعوت اسلامی کی مجلس رابطہ کے رہنماؤں کی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## دعوت اسلامی قیام امن، مذہبی رواداری اور بھائی چارے کے جذبہ کو فروغ دینے میں ساتھ ہے، دعوت اسلامی

کراچی ۔۔۔8، دسمبر 2008ء۔۔۔دعوت اسلامی کی مجلس رابطہ کے رہنماؤں مولانا محمد ندیم عطاری، مولانا محمد فہیم بابر عطاری اور مولانا سائل رضا عطاری نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور اشفاق منگی سے ملاقات اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے قیام امن کے سلسلے میں عملی کاوشوں اور رابطوں کو سراہا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی اور محمد ناصر یامین بھی موجود تھے۔ملاقات میں دعوت اسلامی کے وفد نے کہا کہ دعوت اسلامی بھی قیام امن، مذہبی رواداری اور بھائی چارے کے جذبہ کو فروغ دینے میں ساتھ ہے اور اس سلسلے میں ہر ممکن اور بھرپور تعاون بھی کرے گی۔وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے قیام امن اور اخوت ومحبت کے جذبات کو فروغ دینے وار نفرتوں کے خاتمہ کیلئے کی جانے والی عملی کوششوں پر خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ایم کیو ایم صوبہ سرحد کی کمیٹی کے رکن کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔8، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم صوبہ سرحد کی کمیٹی کے رکن جنید طارق قریشی کی والدہ محترمہ رشیدن بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆